بسم الله الرحمن الرحيم

SENATE DEBATES

SENATE OF PAKISTAN

Tuesday January 12, 1988

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad, at five thirty of the clock in the evening, with Mr. Chairman (Mr. Ghulam Ishaq Khan) in the Chair.

(Recitation from the Holy Quran)

بسم الله الرحمن الرحيم

الر - كتب احكمت ايته ثم فصلت من لدن حكيم خبير ه
الا تعبدوا الا الله انني لكم منه نذير وبشير ه وان استغفروا
ربكم ثم توبوا اليه يمتعكم متاعا حسنا الى اجل مسمى و
يؤت كل ذي فضل فضله وان تولوا فاني اخاف عليكم عذاب
يوم كبير ه الى الله مرجعكم وهو على كل شيء قدير ه (هود ۱ تا ۴)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

SENATE DEBATES

SENATE OF PAKISTAN

Tuesday January 12, 1988

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad, at five thirty of the clock in the evening, with Mr. Chairman (Mr. Ghulam Ishaq Khan) in the Chair.

(Recitation from the Holy Quran)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

الٓرٰ - كِتٰبٌ اُحْكِمَتْ اٰيٰتُهٗ ثُمَّ فُصِّلَتْ مِنْ لَّدُنْ حَكِيْمٍ خَبِيْرٍ ۙ

اَلَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّا اللّٰهَ ؕ اِنَّنِيْ لَكُمْ مِّنْهُ نَذِيْرٌ وَّبَشِيْرٌ ۝ وَّاَنِ اسْتَغْفِرُوْا

رَبَّكُمْ ثُمَّ تُوْبُوْٓا اِلَيْهِ يُمَتِّعْكُمْ مَّتَاعًا حَسَنًا اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى وَّ

يُؤْتِ كُلَّ ذِيْ فَضْلٍ فَضْلَهٗ ؕ وَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنِّيْٓ اَخَافُ عَلَيْكُمْ عَذَابَ

يَوْمٍ كَبِيْرٍ ۝ اِلَى اللّٰهِ مَرْجِعُكُمْ ۚ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝ (هود ۱ تا ۴)

ترجمہ: شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان اور رحم کرنے والا ہے ۔

یہ وہ کتاب ہے جس کی آیتیں مستحکم ہیں اور خدائے حکیم و خبیر کی طرف سے بہ تفصیل بیان کردی گئی ہیں ۔ وہ یہ کہ اللہ کے سوا کسی کی عبادت نہ کرو اور میں اس کی طرف سے ڈرسانے والا اور خوشخبری دینے والا ہوں اور یہ کہ اپنے پروردگار سے بخشش مانگو اور اس کے آگے توبہ کرو وہ تم کو ایک وقت مقررہ تک متاع نیک سے بہرہ مند کرے گا اور ہر صاحب بزرگی کو اس کی بزرگی کی داد دے گا اور اگر روگردانی کرو گے تو مجھے تمہارے بارے میں قیامت کے بڑے دن کے عذاب کا ڈر ہے ۔ تم سب کو اللہ کی طرف لوٹ کر جانا ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے ۔

جناب چیئرمین : جزاک اللہ، بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۔

پروفیسر خورشید احمد : جناب چیئرمین! پوائنٹ آف آرڈر ۔

جناب چیئرمین : جی فرمایئے ۔

POINT OF ORDER *RE*: FIXATION OF TIME FOR THE COMMENCEMENT OF SESSION

پروفیسر خورشید احمد : میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ جو آپ نے سینیٹ کے اجلاس کے لیے اوقات مقرر کیئے ہیں ۔ ان پر دوبارہ غور کرنے کی ضرورت ہے ۔ یہ نماز مغرب سے متصادم ہو رہے ہیں سینیٹ کے اجلاس کے آغاز کا وقت آپ چار، سوا چار بجے رکھ لیں تا کہ اس دوران میں وقفہ سوالات پورا ہو جائے اور بعد میں دیگر ایجنڈے کے لیے ہمیں کچھ وقت مل سکے یا پھر آپ چھ بجے کے قریب رکھیں تاکہ نماز کے بعد لوگ آسانی سے آسکیں اور اجلاس میں شرکت کر سکیں ۔

جناب چیئرمین : مجھے خود بھی اس بات کا احساس ہے، میں نماز کا انتظار کر رہا تھا، اذان بھی یہاں پر ہوئی، اور مجھے بتایا گیا کہ اجلاس کا ٹائم ساڑھے پانچ بجے ہے واقعی

POINT OF ORDER *RE* : FIXATION OF TIME FOR THE COMMENCEMENT OF SESSION

اجلاس شروع کرنے کا یہ وقت صحیح نہیں ..... اجلاس چھ بجے شروع کریں یا پونے چھ بجے شروع کریں، جیسے ہاؤس کی مرضی ہو ...... چھ بجے ٹھیک ہے .... اگر چار بجے کا وقت صحیح ہے تو ہم چار بجے بھی شروع کر سکتے ہیں۔

پروفیسر خورشید احمد : جی ہاں، جناب چیئرمین! ہمارے پاس کام زیادہ ہے، آپ کو معلوم ہے کہ ہمارے پاس بہت ساری چیزیں جمع ہیں - ہمیں کئی debates کرنی ہیں - اس لیے اگر وقت زیادہ ملے تو بہتر ہے۔

جناب چیئرمین : اس طرح تو ہمارے none sitting days بھی ہیں، ان کو بھی utilize کرنا چاہیے - اگر آپ واقعی کام کرنا چاہتے ہیں۔

پروفیسر خورشید احمد : ہم تو چاہتے ہیں کہ کام کریں۔

جناب چیئرمین : بہرحال ایوان کی مرضی ہے، اگر آپ چار بجے شروع کرنا چاہتے ہیں تو ہم اجلاس کو چار بجے شروع کرتے ہیں۔

Mr. Wasim Sajjad : Sir, we will see it

پروفیسر خورشید احمد : جی ہاں، چار بجے شروع کریں۔

جناب چیئرمین : یا پھر چھ بجے شروع کرتے ہیں۔

جناب وسیم سجاد : سر! کام کی نوعیت سے اجلاس کا وقت طے کر لیا کریں گے۔ اگر کام زیادہ ہوگا تو چار بجے شروع کر لیا کریں گے اور کم ہوگا تو ۶ بجے شروع کر لیا کریں گے۔

جناب چیئرمین : یہ بھی صحیح ہے - جی، جناب محمد علی صاحب۔

جناب محمد علی خان : اگر ہم اجلاس چار بجے سے شروع کریں اور نو بجے ختم کریں تو اس طرح پانچ گھنٹے اجلاس کا وقت ہو جاتا ہے - یہاں کافی بوڑھے لوگ بھی ہیں، بیمار بھی ہیں، اور ان کے لیے پانچ گھنٹے اجلاس میں بیٹھنا مشکل ہوگا۔

جناب چیئرمین : بیچ میں نماز کے لیے دو دفعہ اٹھنا بھی تو پڑے گا۔

جناب محمد علی خان : جناب اِنماز کے لیے تو جانا ہی ہے ۔

پروفیسر خورشید احمد : عصر کے بعد اجلاس شروع کریں ، یہ بھی ٹھیک رہے گا ۔

جناب چیئرمین : بہر حال اس کو separately سوچ لیتے ہیں ۔ لیکن پوائنٹ آف آرڈر آپ کا صحیح ہے ۔

پروفیسر خورشید احمد : شکریہ !

QUESTIONS AND ANSWERS

جناب چیئرمین : سوال نمبر ۲۲ ، جناب محمد اسحاق بلوچ صاحب ۔

CONSTRUCTION OF METALLED ROADS IN MAKRAN DIVISION

22. ***Mr. Muhammad Ishaq Baluch :** Will the Minister for Communications be pleased to state :

(a) the total milage of road metalled by the High Ways Board, in Makran Division from 1947 upto 1987 and the locations of these metalled roads ; and

(b) if roads have not been metalled so far in the said area, the reasons thereof ?

Mr. Muhammad Aslam Khan Khattak (read by Sardar Fateh Muhammad M. Hussain) : (a) There is no National Highway in Makran Division.

(b) Not applicable.

جناب چیئرمین : شکریہ ! ضمنی سوال ؟

جناب محمد اسحاق بلوچ : میں وزیر موصوف سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ آخر مکران ڈویژن میں کیوں کوئی قومی شاہراہ نہیں ہے ۔ ۱۹۴۷ء سے لے کر آج تک کیوں مکران ڈویژن کو قومی شاہراہ سے محروم کیا گیا ہے ؟

سردار فتح محمد ایم حسنی (وزیر مملکت برائے مواصلات): جناب! نیشنل ہائی وے کا جہاں تک تعلق ہے اس کے متعلق عرض کرتا ہوں کہ بلوچستان میں اس وقت چار قومی شاہراہیں ہیں جو کہ کراچی سے شروع ہو کر بیلہ، خضدار، قلات اور کوئٹہ سے ہوتی ہوئی ختم ہو جاتی ہیں۔ دوسری شاہراہ کوئٹہ، ڈالبندین، نوکنڈی، تفتان، این ۴۰ کہلاتی ہے۔ تیسری شاہراہ این ۶۵ کہلاتی ہے۔ چوتھی شاہراہ این ۵۰ کہلاتی ہے۔ ان میں سے کسی کا بھی گزر مکران ڈویژن میں سے نہیں ہوتا ہے اور چونکہ مکران میں ٹریفک اتنی زیادہ نہیں ہے اس لیئے اب تک یہاں قومی شاہراہ نہیں بنائی گئی ہے۔

جناب محمد اسحاق بلوچ: میں وزیر صاحب کی بات سے اتفاق نہیں کروں گا کہ مکران ڈویژن میں اتنی ٹریفک نہیں ہے بلکہ وہاں پر روزانہ سینکڑوں گاڑیاں چلتی ہیں۔

جناب چیئرمین: یہ آپ کی اپنی رائے ہے۔ آپ کے خیال میں اگر کوئی ایسی سڑک ہے جو نیشنل ہائی وے بن سکتی ہے تو اس کے بارے میں وزارت کو تفصیلات بھیج دیں۔ وہ اس پر غور کرے گی۔

جناب محمد اسحاق بلوچ: جناب! یہاں دو تین ایسی شاہراہیں ہیں اور یہ ہماری ضرورت ہے۔

جناب چیئرمین: یہ آپ کی رائے ہے، اس کے متعلق اپنی تجاویز ان کو بھیج دیں۔

نواب زادہ شیخ عمر خان: جناب میں اسی سوال کے متعلق ایک ضمنی سوال پوچھنا چاہتا ہوں۔

جناب چیئرمین: جی فرمایئے۔

نواب زادہ شیخ عمر خان: میں وزیر مملکت برائے مواصلات سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ کیا پہلے آر سی ڈی روڈ کا پروگرام مکران ڈویژن سے گزارنے کا نہیں تھا، اگر تھا، تو اسے کیوں ختم کیا گیا اور اسے مستونگ سے ملا کر زاہدان تک لے جایا گیا۔

جناب چیئرمین: میرے خیال میں یہ تاریخ کی بات ہے، اس کے لیئے آپ ان کو فریش نوٹس دیں۔ تاکہ وہ تاریخ کا مطالعہ کر کے آپ کو جواب دے سکیں۔

نوابزادہ شیخ عمر خان: جناب! اس کا تعلق اسی سوال سے ہے۔

جناب چیئرمین : آرسی ڈی بائی دے کو تیس سال ہو چکے ہیں ۔

پروفیسر خورشید احمد : سر! آپ انہیں جواب دینے کا موقع تو دیں ۔

جناب چیئرمین : اگلا سوال نمبر ۲۳ ، جناب اسحاق بلوچ ۔

RELATED TRAVEL FACILITY BY PIA

23. ***Mr. Muhammad Ishaq Baluch :** Will the Minister for Defence be pleased to state :

(a) whether it is a fact that Federal Government employees are allowed air fare concession when travelling by PIA in certain cases ; and

(b) whether it is also a fact that no such concession is given to the Federal Government employees belonging to Baluchistan Province ; if so the reasons for this disparity ?

Rana Naeem Mahmud Khan : (a) Civil servants working in Baluchistan area but not domiciled in Baluchistan and civil servants working in Northern areas but not domiciled in Northern areas are allowed 50 per cent rebated travel facility by PIA between points in Baluchistan and Northern area on the one hand and points outside Baluchistan and Northern area on the other hand, when travelling on leave at their own expense.

(b) There is no disparity about the entitlement of rebated travel facility by PIAC. Federal Government employees domiciled in Baluchistan like other Federal Government employees serving in the Provinces of Sind, Punjab and NWFP or at Islamabad are not entitled to rebated travel by PIAC.

جناب محمد اسحاق بلوچ : سر! یہی تو میں پوچھنا چاہ رہا تھا کہ باقی تینوں صوبوں کے لیئے پی آئی اے ۵۰ فی صد رعایت دیتی ہے، یہ واحد صوبہ بلوچستان ہے جہاں پر پی آئی اے کی رعایت نہیں ہے ۔ آخر یہ کیوں نہیں ہے ۔ ! یہی تو میں ان سے پوچھنا چاہ رہا ہوں ۔

رانا نعیم محمود خان : سر! جیسے میں نے عرض کیا کہ بلوچستان میں یا نادرن ایریاز میں جو لوگ کام کرتے ہیں انہی کے لیئے یہ سہولت ہے باقی تینوں صوبوں میں جو ملازمین کام کرتے ہیں یا اسلام آباد میں کام کرتے ہیں ۔ ان کے لیئے یہ رعایت نہیں ہے ۔

جناب محمد اسحاق بلوچ : میں یہ بات ماننے کے لیے تیار نہیں ہوں کہ بلوچستان والوں کو یہ رعایت دی جا رہی ہے ۔ آپ کہتے ہیں تو میں انکوائری کردوں گا ۔ ویسے میں مانتا نہیں ہوں ۔

جناب عبدالرحیم میرداد خیل : کیا وزیر محترم یہ بیان فرمائیں گے کہ بلوچستان میں پی آئی اے کے جو ملازمین ہیں ، ان میں بلوچستان کا کتنا کوٹہ ہے ؟

جناب چیئرمین : اس سوال سے تو اس کا کوئی تعلق نہیں ہے ۔

جناب عبدالرحیم میرداد خیل : یہ سوال سرکاری ملازمین کے متعلق ہے جو بلوچستان میں کام کرتے ہیں ، اس لیئے میں نے یہ سوال کیا ہے ۔

جناب چیئرمین : سوال کا تعلق پی آئی اے اور اس کے fares & rebates سے ہے ، اور یہ کہ کوٹہ کتنا ہے ' یہ انفارمیشن تو نہ ان کے پاس ہو سکتی ہے اور نہ ہی اس کا اس سوال سے کوئی تعلق ہے ۔ آپ اپنا اگلا سوال اٹھائیں ' جو کہ ۲۴ نمبر ہے ۔

جناب عبدالرحیم میرداد خیل : جناب وزیر تعلیم غیر حاضر ہے جی ۔

جناب چیئرمین : جناب لائیکا صاحب جواب دے رہے ہیں ۔

جناب عبدالرحیم میرداد خیل : آپ (لائیکا صاحب) کیا وزیر تعلیم ہیں یا وزیر محنت ہیں ۔

جناب چیئرمین : میرے خیال میں اس سوال کی ضرورت نہیں ہے آپ ان کا جواب سن لیں اور اس کے بعد اگر آپ نے کوئی ضمنی سوال کرنا ہے تو وہ ضرور کریں ۔

CADET COLLEGE MASTUNG

24. ***Mr. Abdur Rahim Mir Dad Khel** : Will the Minister for Education be pleased to state :

(a) The total number of students in Cadet College Mastung in Baluchistan; and

(b) The name of the present Principal of the said college and the date of his present appointment?

Syed Sajjad Haider : (a) The total number of admitted students sixty.

(b) Present Principal Professor Muhammad Asif Malik took over the charge of the post on 31-8-1987.

جناب چیئرمین : اب ضمنی سوال پوچھیے۔

جناب عبدالرحیم میرداد خیل : کیا وزیر محنت ازراہِ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ اس سے پہلے جس پروفیسر کو نکالا گیا ہے۔ کن وجوہات کی بنا پر نکالا گیا ہے۔

جناب چیئرمین : جناب وزیر صاحب

جناب عبدالستار لالیکا : ان کی کارکردگی سے انتظامیہ مطمئن نہیں تھی۔ اس لیے یہ پوسٹ advertise کی گئی اور پھر through open competition نئے پرنسپل صاحب کو سلیکٹ کیا گیا۔

جناب عبدالرحیم میرداد خیل : جناب! یہ جواب نہایت ہی غلط طریقے سے دیا جا رہا ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ اگرچہ میں سرکاری عہدیدار نہیں ہوں لیکن مجھے جو حقائق معلوم ہیں اس کے متعلق اس پروفیسر کو تنگ کیا گیا تھا اور اسے مارا گیا تھا اور اس طرح آخر تنگ آکر اس نے ملازمت سے استعفیٰ دیا تھا، یہ میں ریکارڈ درست رکھنے کے لیے کہتا ہوں۔

جناب چیئرمین : جناب لالیکا صاحب۔

جناب عبدالرحیم میرداد خیل : جناب میرے پاس ایسی مار پٹائی کی کوئی تفصیل نہیں ہے۔

جناب چیئرمین : آپ اسکو نوٹ کر لیں جو کچھ معزز رکن صاحب فرما رہے ہیں اور اس کو دیکھ لیں۔

جناب عبدالستار لالیکا : جی ٹھیک ہے۔

جناب عبدالرحیم میرداد خیل : کیا وزیر محترم یہ بیان فرمائیں گے کہ اس کالج میں داخلے کا کیا معیار ہے۔ اور جو اس وقت تعداد ساٹھ ہے ان میں اضافہ کب تک ہوگا۔

جناب عبدالستار لالیکا : جناب اس کالج میں داخلے کا معیار یہ ہے کہ ۱۱ سے ۱۳ سال تک کی عمر کے بچوں کو ساتویں جماعت میں داخلہ دیا جاتا ہے۔ اور اس میں سیٹوں کی تقسیم اس طرح سے ہے کہ "A" کلاس کے لیے کل ساٹھ سیٹیں ہیں۔ ۵۰ بلوچستان کے لیے ہیں، ۶ سیٹیں دوسرے صوبوں کے لیے ہیں اور چار سیٹیں فیڈرل گورنمنٹ

کے لیئے ہیں ۔ اس کے بعد ان بچوں کو انگریزی، حساب، اردو اور اسلامیات میں امتحان دینا پڑتا ہے انگریزی کے سو نمبر ہوتے ہیں ۔ حساب، اردو اور اسلامیات کے بھی سو نمبر ہیں ۔ اس کے بعد جو بچے یہ تحریری امتحان پاس کر لیتے ہیں ۔ تو ایک کمیٹی ان بچوں کا انٹرویو لیتی ہے ۔ اس کمیٹی کو اسی کالج کے پرنسپل Head کرتے ہیں اور پھر جو فائنل سلیکشن ہوتی ہے اس کے مطابق ان بچوں کو داخلہ دے دیا جاتا ہے ۔

جناب چیئرمین : سوال کا دوسرا جزو یہ تھا کہ اس ساٹھ کی تعداد میں اضافے کی کوئی توقع ہے یا نہیں ؟

جناب عبدالستار لالیکا : جی بالکل، ہر سال نئی کلاس ۶۰ کی تعداد کی لی جائے گی ۔ ٹوٹل تعداد اس کالج کی ۳۶۰ بچوں پر مشتمل ہے ۔

جناب چیئرمین : شکریہ ۔ جناب بنگلزئی صاحب ۔

جناب حسین بخش بنگلزئی : کیا محترم وزیر صاحب یہ ارشاد فرمائیں گے کہ اس کالج کے بورڈ آف گورنرز کے نام کیا ہیں اور ان کو Nominate کون کرتا ہے ؟

جناب چیئرمین : جناب لالیکا صاحب آپ کے پاس یہ اطلاع ہے ؟

Mr. Abdul Sattar Lalika : I will require fresh notice.

جناب چیئرمین : جناب پروفیسر صاحب ۔

پروفیسر خورشید احمد : جواب میں یہ کہا گیا ہے : "The total strength of the students is 60" جب کہ محترم وزیر صاحب نے ابھی کہا ہے کہ ۳۶۰ ہے اور "A" کلاس میں ۶۰ ہوتے ہیں یہ معاملہ کیا ہے ؟

Mr. Chairman : I think he is talking of the annual in take.

Next question.

Delay in Booking and Connecting Trunk Calls

25. ***Syed Mazhar Ali :** Will the Minister for Communications be pleased to state :

(a) the measures being adopted by the Telephone Department redress the complaints of delay in booking and connecting the inland and overseas trunk calls in the country : and

(b) whether there is adequate number of operators engaged in booking inland and overseas trunk calls in the country : if not the reasons therefor ?

Mr. Muhammad Aslam Khan Khattak (read by Sardar Fateh Muhammad M. Hussain) : (a) To avoid complaints of delay in booking and connecting inland and overseas trunk calls maximum staff is employed during peak load hours (*i.e.* 0900—1300 hours). Also Auto-mation has been introduced at many towns.

(b) Yes, there is adequate number of telephone operators enagaged in booking and connecting Inland and Overseas Trunk Calls in the Country. Such staff is increased according to the requirement when traffic increases.

جناب چیئرمین : ضمنی سوال ؟

سید مظہر علی : جناب، سوال کے حصہ "ب" میں وزیر موصوف فرماتے ہیں کہ

Adequate number of telephone operators are engaged in booking and connecting inland and overseas trunk calls.

آج جناب عالی میں نے ساڑھے چار سے پانچ بجے تک ۱۰۲ پر مستقل طور پر کوشش کی اور وہ مجھے busy ملا یا کوئی جواب نہیں آتا تھا ۔ کیا یہ بتائیں گے کہ آیا کوئی ایسا سٹینڈرڈ ہے کہ اتنی ٹیلی فون لائینوں کے لیے اتنے ٹیلیفون آپریٹرز ہوتے ہیں ؟

سردار فتح محمد ایم حسنی : جناب، ٹرنک کالوں کے ساتھ ساتھ عملہ بڑھایا جاتا ہے ۔

جناب چیئرمین : نہیں ۔ وہ فرما رہے ہیں کہ کوئی ایسا فارمولا ہے کہ اگر دس ٹرنک کالز ہوں تو ایک آدمی ہوگا یا اگر سو ہوں گی، تو دس ہوں گے اس طرح کا کوئی معیار مقرر ہے یا نہیں ہے ؟

سردار فتح محمد ایم حسنی : نہیں ایسا کوئی معیار مقرر نہیں ہے۔

پروفیسر خورشید احمد : سر! میرا مطالبہ بھی یہی ہے کہ جو ڈائریکٹ ڈائیلنگ ہے اس میں بجز رات کو ۱۲ بجے سے لے کر صبح ۵ بجے تک انٹرنیشنل کالز ملنا ناممکن ہے۔ اور Through operator آپ جائیے تو گھنٹوں کوشش کرنے کے بعد operator نہیں ملتا ہے۔ اس میں انکوائری بھی ہونی چاہیئے اور جیسا کہ چیئرمین صاحب نے فرمایا کہ کوئی نہ کوئی تناسب ہونا چاہیئے کہ پریشر کتنا ہے اور کتنے آدمی اس کو ہینڈل کر رہے ہیں۔

جناب چیئرمین : ہو سکتا ہے کہ دوسری سائیڈ پہ اس وقت لوگ سوئے ہوئے ہوں۔ جناب بلوچ صاحب۔

جناب محمد اسحاق بلوچ : جناب! کیا وزیر صاحب بتائیں گے کہ آپریٹر کا تعلیمی معیار کیا ہوتا ہے؟

سردار فتح محمد ایم حسنی : سر! اس کے لیے ایف اے - ایف - ایس - سی تعلیم ہوتی ہے۔

جناب محمد اسحاق بلوچ : سر! کیا وزیر صاحب یہ بتائیں گے کہ وہ غیر اخلاقی طریقے سے کیوں پیش آتے ہیں؟ اور ان کا اخلاقی معیار کیا ہے؟

سردار فتح محمد ایم حسنی : اگر ایسی کوئی بات ہے تو ہمارے نوٹس میں لائیں ہم اس پر ایکشن لیں گے۔

جناب محمد اسحاق بلوچ : میں جو بتا رہا ہوں اور کیا بات ہے جو نوٹس میں لاؤں

جناب چیئرمین : اگلا سوال نمبر ۲۶ - مولانا کوثر نیازی صاحب۔

SIXTH ALL-PAKISTAN WRITERS CONFERENCE

26. ***Maulana Kausar Niazi:** Will the Minister for Education be please to state :

(a) the names of those writers who have been awarded prizes on the occasio of Sixth Writers Conference and the nature of services rendered by them for th country :

[Maulana Kausar Niazi]

(b) whether prizes were also awarded to progressive writers in the said conference, if so, the names of such writers and if not, the reasons thereof: and

(c) whether the names of late Professor Waris Mir and Mr. Abdullah Malik were also considered for prize award for their creative and research work, if not, the reasons thereof?

Syed Sajjad Haider: (a) List of Writers who were awarded prizes for the Hijra year 1403 and 1404 on the occasion of Sixth All-Pakistan Writers Conference may be seen at Annex I.

Prizes are given on the marit of individual books entered for consideration and not on the basis of total literary services rendered by an author.

(b) No prizes were awarded to progressive writer as such in the said Conference because on discrimination is made on the basis of any school of thought or specific view point of the authors except that books against the Ideology of Pakistan and Islam are not considered|entertained.

(c) No. The name of late Prof. Waris Mir was not considered because he has published no books and that of Mr. Abdullah Malik, because his publications are not works of literary merit.

1403 A.H. (OCTOBER 1982 TO OCTOBER 1983)

Rs.

1. Urdu Poetry:

Allama Dr. Mohammad Iqbal Award 40,000

"Firkar" by Amjad Islam Amjed, D-88 Allama Iqbal Road, Lahore.

2. Urdu Prose:

Baba-e-Urdu Dr. Abdul Haq Award 40,000

"Hind Yatra" by Mumtaz Mu[illegible] No. 22, St. No. 32, F-6/1, Islamabad.

3. Punjabi:

Waris Shah Award 20,000

"Ek Ratt Ravi Dee" by Najam Hussain Syed, 49-Jail Road, Lahore.

4. Sindhi:

Shah Abdul Latif Bhitai Award 20,000

"Tehqiqd Jo Fun" by Dr. Ghulam Hussain, Pakistan Studies Centre, Sind University, Jamshoro, Hyderabad.

5. Pushto :	Rs.
Khushhal Khan Khattak Award	20,000
" Rehman Baba " by Prof. Dawar Khan, Daud Govt. College Peshawar.	
6. Saraiki :	
Khawaja Fareed Award	20,000
" Chholian " by Mohammad Ismail Al madani, Raseolpur, Teh. Jampur, Distt. D.G. Khan.	
7. Baluchi :	
Mast Tauq Ali Award	20,000
" Jallar " by Ghani Tariq, C/o Rukhshan News Agency. Punjgor, Baluchistan.	
8. English :	
Patras Bokhari Award	20,000
" The Bride " by Bapsi Sidhwa, C/o Macdonald & Co., (Publisher) Ltd. Maxwell House 74. Worship Street, London EC 2 AZEM.	

1404 A.H. (OCTOBER, 1983 TO SEPTEMBER 1984)

1. Urdu Poetry :	
Allama Dr. Mohammad Iqbal Award : ..	40,000
" Khud Kalami " by Mrs. Parveen Shakir, 11-B, St. 71. F-8/3/ Islamabad.	
2. Urdu Prose :	
Baba-e-Urdu Dr. Abdul Haq Award	40,000
" Gard-e-Rah " by Mr. Akhtar Hussain Raipuri, 2-153 E. P.E.C.H. Society, Karachi.	
3. Punjabi :	
Waris Shah Award	20,000
" Moulvi Ahmed Yaar : Fikr-te-Fun " by Dr. Shehbaz Malik Supdt, Hostel No. 8, Sultan Tipu Shaheed Hall, Punjab University New Campus, Lahore.	

4. Sindhi :

Shah Abdul Latif Bhitai Award 20,000

"Jam Jamote en Jamia" by Ali Ahmad Brohi, Flat No 5-A, Prince Complex Frere Town Quarters, Near Clifton Bridge, Clifton Road, Karachi.

5. Pushto :

Khushhal Khan Khattak Award 20,000

"Mizrab" by Mr. Tahir Kalanchvi (Late), C/o. Qari Hazrat Gul, Qaumi Dawakana, Chaye Bazar, Bannu City.

6. Saraiki :

Khawaja Fareed Award 20,000

"Jhakkhar Jhooley" by Mr. Saleem Ahsan, C/o. Mianwali Academy, 3-F, Muslim Bazar, Mianwali.

7. Baluchi :

Mast Tauq Ali Award 20,000

"Guldasta-e-Qaumi" by Meer Mohammad Eas Qaumi. C/o Qazi Abdul Rahim Sabir, Baluchi Academy, Rexer Lane Liari Quarters, Karachi.

8. English :

Patras Bokhari Award 20,000

"Jawan to General" by General (Retd.) Mohammad Musa H. J. Governor Baluchistan, Quetta.

مولانا کوثر نیازی : کوئی ضمنی سوال نہیں ہے۔

جناب چیئرمین : اگلا سوال نمبر ۲۷ سید ذوالفقار علی چشتی صاحب۔

PURCHASE AND SALE OF GOLD

27. *Syed Zulfiqar Ali Chishti: Will the Minister for Justice and Parliamentary Affairs be pleased to state :

(a) whether any law exists governing the purchase and sale of gold in the country, if so since when ; and

(b) if answer to (a) above be in the affirmative whether any amendment is likely to be made in the law in question with a view to removing its bias against the buyers and make it more equitable between the buyer and seller of gold ?

Mr. Wasim Sajjad: (a) No.

(b) Does not arise.

جناب چیئرمین : ضمنی سوال ؟

جناب عبدالرحیم میرداد خیل : کیا وزیر قانون ازراہ کرم یہ بیان فرمائیں گے کہ "جی نہیں" کی وجوہات کیا ہیں ؟

جناب چیئرمین : کل تک تو آپ کوئلے کی بات کر رہے تھے آج سونے کی بات کر رہے ہیں۔

جناب عبدالرحیم میرداد خیل : وہ کالا سونا تھا اور یہ صرف سونا ہے۔

جناب وسیم سجاد : جناب والا ! سوال یہ ہے کہ کیا ایسا کوئی قانون ہے جو سونے کی خرید و فروخت کو ریگولیٹ کرتا ہو، اسکا جواب ہے "جی نہیں" - اس کی وجوہات یہ ہیں کہ ایسا کوئی قانون نہیں ہے۔

جناب عبدالرحیم میرداد خیل : کیا آپ آئندہ ایسا کوئی قانون بنانے کے موڈ میں ہیں ؟

جناب وسیم سجاد : جی فی الحال ایسا کوئی ارادہ نہیں ہے

پروفیسر خورشید احمد : جناب اسٹیٹ بنک کے کچھ رولز سونے کی بابت ہیں ؟

جناب وسیم سجاد : وہ امپورٹ اور ایکسپورٹ کے بارے میں ہیں سیل اور پرچیز کے بارے میں نہیں ہیں - امپورٹ اور ایکسپورٹ صرف سٹیٹ بنک کی اجازت سے ہو سکتی ہے وہ بھی under specified conditions

پروفیسر خورشید احمد : امپورٹ اور ایکسپورٹ بھی سیل اور پرچیز ہی کی شکل ہے۔ ڈومیسٹک اور انٹرنیشنل دونوں سیل اور پرچیز کی شکل ہیں۔

Mr. Wasim Sajjad : Sir, the import and export of gold iş regulated by the Foreign Exchange Regulation Act and it is banned unless with the specific permission of the State Bank.

جناب چیئرمین : خرید و فروخت سے عام مطلب ملک کے اندر جو خرید و فروخت ہے وہ لیا جا رہا ہے ۔ تو وہ صحیح ہے ۔ جناب جاوید صاحب ۔

Mr. Javed Jabbar : Would not the honourable Minister agree that the absence of such law encourages the multiplication of jewellery retail trade without any regulation whatsoever and, in fact, encourages smuggling.

Mr. Wasim Sajjad : I would not agree with that suggestion. As I said, import and export is regulated but there is no law regulating the sale and purchase of gold inside Pakistan

Mr. Chairman : Thank you

Next Question.

INTER-PAK INN SUKKUR CASE

28. *Syed Zulfiqar Ali Chishti (Put by Ahmad Mian Soomro): Will the Minister Incharge of the Aviation Divsion be pleased to state :

(a) the number of committees set-up by the government from 1985 to-date to enquire into the various cases of corruption ;

(b) the total number of meetings held by the committee set-up for the investigation of the Interpak Inn Sukkur case ;

(c) the progress made so far in the said case ; and

(d) the reasons of delay in finalising this case ?

Rana Naeem Mahmud Khan : (a) The Aviation Division has not set up any committee of this nature.

(b) The Aviation Division has not set up any committee for investigation of the Inter Pak Inn Sukkur case.

(c) & (d) Do not arise.

Mr. Ahmed Mian Soomro : Supplementary, Sir.

Mr. Chairman : Yes please.

Mr. Ahmed Mian Soomro : Sir, in the question part (a) says :

"The number of committees set-up by the Government from 1985 to-date to enquire into the various cases of corruption."

So the reply should have stated the number of committee setup on the subject.

Mr. Chairman : The implicit assumption was that the question deals with Aviation Division. It is addressed to the Aviation Division and if you read part (b) thereof it would be clear that the mover of the question really intended to ask a question about the Aviation Division. The reply to that extent is correct. It was not a general question.

Mr. Ahmed Mian Soomro : It is a joint responsibility, Sir. Therefore, whatever Division has set up a committee on the subject it would be the Government.

Mr. Chairman : No. This was not a question about corruption generally or the committee set up to eradicate corruption generally. This was in regard to a particular Division with reference to a particular incident that had taken place in that Division.

Mr. Ahmed Mian Soomro : As far as (b) is concerned may I ask them a supplementary question with your permission?

Mr. Chairman : You certainly can but that would require a fresh notice because off-hand probably it would be difficult for him (the Minister) to answer it.

Mr. Ahmed Mian Soomro : For (b) Sir, if you permit.

Mr. Chairman : Yes, please go ahead.

Mr. Ahmed Mian Soomro : Whether the National Assembly or Government set up any committee for investigation of the Inter Pak Inn sale ?

Rana Naeem Mahmud Khan : Sir, the National Assembly of Pakistan under the direction of the Speaker of National Assembly had set up a special committee to look into the case of Inter Pak in Sukkur.

Mr. Ahmad Mian Soomro : What has been the result of that Sir, may I ask the Minister?

Rana Naeem Mahmud Khan : Sir, we are not aware of the result as yet.

Mr. Chairman : Has not the committee submitted any report yet?

Rana Naeem Mahmud Khan : No, Sir.

Mr. Chairman : Mr. Javed Jabbar.

Mr. Javed Jabbar : Thank you Mr. Chairman. If the Civil Aviation Authority comes under the purview of the Aviation Division. Is the Minister aware of the fate of the report compiled by the Member (Finance) of the Civil Aviation Authority, pin-pointing a number of irregularities committed in that body over the past five years till last year.

Rana Naeem Mahmud Khan : Sir, this has totally no relation to the question before the House. He is talking about a report compiled by the Civil Aviation Authority . . . .

Mr. Javed Jabbar : Whether the honourable Minister can determine the relevance of a question or a supplementary ?

Mr. Chairman : Please be patient.

Rana Naeem Mahmud Khan : Sir, I was submitting that the question posed has no relevance whatsoever with the question before the House at the moment.

Mr. Chairman : I think, the issue is simple, if you have the information and are in a position to tell . . . .

Rana Naeem Mahmud Khan : How can Sir?

Mr. Chairman : Right, then you say that you would require a fresh notice.

Mr. Javed Jabbar : Sir, the Minister has no right to pronounce judgement on whether it is relevant or not. I think that is for the Chair to decide.

Mr. Chairman : That is right. Professor Khurshid Ahmed.

پروفیسر خورشید احمد : میرے سپلیمنٹری کا تعلق جواب کے "اے" حصے سے ہے ۔ یعنی کمیٹی آپ نے نہیں بنائی ۔ اس کی وجہ آخر کیا تھی ؟ آیا وہاں کرپشن نہیں تھی یا کرپشن تو تھی لیکن کمیٹی نہیں بنائی ؟

Rana Naeem Mahmud Khan : Sir, as far as the Ministery is concerned there was no complaint received or nothing of this nature had come before the Division which could warrant the forming of a committee.

Mr. Chairman : Janab Ahmad Mian Soomro.

Mr. Ahmad Mian Soomro : Whether the Authority has any interest in the Inter Pak Inn before its sale?

Rana Naeem Mahmud Khan : I am sorry Sir, I did not get the first part.

Mr. Chairman : Has the Civil Aviation Authority any interest in this particular enterprise – the Inter Pak Inn Sukkur?

Rana Naeem Mahmud Khan : Not the Civil Aviation Authority Sir.

Mr. Chairman : Next Question No. 29. Syed Zulfiqar Ali Chishti.

SHIFTING OF DEPARTMENT OF LIBRARIES FROM KARACHI TO ISLAMABAD

29. ***Syed Zulfiqar Ali Chishti** : Will the Minister for Education be please to state :

(a) the date on which the Department of Libraries was shifted fro Karachi to Islamabad and the total amount spent on its shifting ;

[Syed Zulfiqar Ali Chishti]

(b) whether it is a fact that private transport was engaged for the shifting of books etc. despite availability of the Railway carriage facilities; if so the reasons thereof;

(c) whether tenders were invited for this purpose; and

(d) the total number of trucks used and the charges paid for each truck in connection with the shifting of all the record belonging to the Department of Libraries?

Syed Sajjad Haider (read by Mr. Abdul Sattar Lalika) : (a) Shifting of the Department of Libraries from Karachi to Islamabad was completed on 27-5-1981. The total amount spent on its shifting was Rs. 2,95,606.20.

(b) Yes, it is a fact that private transport was engaged for the shifting of Books etc. The reason for engaging private transport was safety of precious books and record and its easy availability as compared with Railway carriage.

(c) Yes, open tenders were invited from registered transporters.

(d) In all 34 truck trips were used for shifting of the entire Department and its units from Karachi to Islamabad. A sum of Rs. 4200 was paid for each trip of truck, being the lowest sum of the tender.

جناب چیئرمین : ضمنی سوال ؟

جناب شاد محمد خان : کیا جناب وزیر صاحب یہ بتلائیں گے کہ آیا لاجسٹک سیل کی گاڑیوں سے یہ استفادہ نہیں کیا جا سکتا تھا ؟

جناب عبدالستار لالیکا : جب ٹینڈر ایڈورٹائز کئے گئے تو اس میں محکمے نے کم سے کم ریٹ کو لیا ۔ اس میں لاجسٹک سیل بھی اپلائی کر سکتا تھا ۔

جناب چیئرمین : صحیح ہے ۔ اگلا سوال ! پروفیسر خورشید احمد ۔

پروفیسر خورشید احمد : ضمنی سوال ۔ کیا وزیر محترم یہ بتا سکیں گے کہ گورنمنٹ کے دوسرے اہم ریکارڈ کو کراچی سے اسلام آباد منتقل کرنے کے لیے کیا ذریعہ اختیار کیا گیا ہے آیا وہ بھی اسی طریقے سے پرائیویٹ ٹرکس سے یا کوئی دوسرا طریقہ تھا ؟

Mr. Chairman : **In what period and** in which particular year? Because Government record has been coming from Karachi to Islamabad for the last forty years.

پروفیسر خورشید احمد : پچھلے دس سال میں یا اس کے لگ بھگ، یہ ۸۱ء کا معاملہ ہے یعنی اس کے لیے خاص طور پر پرائیویٹ ٹرکس کیوں استعمال ہوئے ؟

Mr. Chairman : Mr. Lalika, have you got the information?

جناب عبدالستار الایکا : نہیں جی - یہ انفارمیشن تو میرے پاس نہیں ہے -

جناب چیئرمین : صحیح ہے - اگلا سوال ! جناب خواجہ کمال الدین انور صاحب، نمبر ۳۰ -

EDUCATION STANDARD OF PRIMARY SCHOOL

G 7-3/4 ISLAMABAD

30. * **Khawaja Kamal-ud-Din Anwar** (Put by Mr. Shad Muhammad Khan) : Will the Minister for Education be pleased to state :

(a) whether it is a fact that the educational standard of Federal Government Primary School No. 6, G-7|3-4 is falling day by day ;

(b) whether some parents have also complained against this state of affairs in the school and if so; and

(c) the steps being taken by the Government to improve the performance of the teachers of the said school and to redress the grievances of the parents?

Syed Sajjad Haider : (a) The Educational standard of Federal Government Educational Institutions as a whole, and that of Primary School No. 6, G-7|3-4 in particular has been quite satisfactory as would be evident from the results of external examination of Class-V, conducted by the Federal Directorate of Education, of last three years, as tabulated below in respect of the said school.

Year	Total Students in Class V	Total appeared in examination	Pass	Fail	Percentage
1985 ..	122	122	121	1	99%
1986 ..	117	116	105	11	91%
1987 ..	160	159	156	3	98%

[Syed Sajjad Haider]

(b) No.

(c) Several steps, associated with training and re-training of teachers, on the job orientation through supervisory structural services, incentives for outstanding performance of teachers|Heads of Institutions, better logistic facilities in terms of Laboratory and Library facilities constitute some of the ingredients for the improvement of institutions.

جناب چیئرمین : سپلیمنٹری ؟ نہیں ہے ۔ جناب عبدالرحیم میرداد خیل صاحب نمبر ۳۱ ۔

جناب عبدالرحیم میرداد خیل : جناب ! رانا صاحب مذاکرات میں مشغول ہیں ۔

جناب چیئرمین : رانا صاحب آپ کا سوال ہے ۔ آپ اپنی سیٹ پر آجائیں ۔

BIG CARDS IN THE USE OF ARMY OFFICERS

31. *Mr. Abdur Rahim Mir Dad Khel: Will the Minister for Defence be pleased to state whether it is a fact that Army officers and their families still use 1800 cc big cars with free petrol for shopping, excursion trips and carrying children to schools; if so the reasons thereof?

Rana Naeem Mahmud Khan: No.

جناب چیئرمین : جناب میرداد خیل صاحب ضمنی سوال ۔

جناب عبدالرحیم میرداد خیل : کیا وزیر محترم یہ بیان فرمائیں گے کہ جو آرمی کے افسران ہیں ۔ یہ آخر آمد و رفت کس ذریعے سے کرتے ہیں اور ان کو جو پٹرول دیا جاتا ہے اس کی مقدار کتنی ہوتی ہے ؟

Rana Naeem Mahmud Khan : Thank you Sir, the Officers entitled for use of cars are also allowed to use them for non duty purposes provided they do not draw conveyance allowance and I think Sir, those officers who are entitled for the use of cars, have a free use of cars.

جناب عبدالرحیم میرداد خیل : آرمی کے افسران یعنی کرنل تک یا میجر تک کس گریڈ تک استعمال کر سکتے ہیں ۔ اس کا کیا معیار ہوتا ہے ۔ ان کو کتنا الاؤنس دیا جاتا ہے ۔

Mr. Chairman : Rana Sahib, have you got the information?

Rana Naeem Mahmud Khan :Thank you Sir, the Officers below Maj Genl. are not entitled for transport for private use.

جناب چیئرمین : نیکسٹ کوئسچن ۔ جناب قاضی عبداللطیف صاحب ۔

MIRZAI TEACHERS

32. ***Qazi Abdul Latif** : Will the Minister for Education be pleased to state :

(a) the total number of Lecturers, Assistant Professors who belong to Qadiani or Lahore groups of Mirzais and teach Islamiat, Arabic, Islamic History and Pakistan studies in different schools and colleges of the country indicating also their number in each grade; and

(b) The action taken since 1947 to remove non-Muslims from these sensitive posts and the expected time by which the action will be completed?

Syed Sajjad Haider : The information is being collected and will be placed on the Table of the House.

قاضی عبداللطیف : جناب والا! میرا خیال ہے کہ سابقہ اجلاس ختم ہونے کے ساتھ متصل ہی میں نے یہ دیا تھا۔ دو مہینے کا عرصہ درمیان میں ہو گیا ہے جب کہ اس کے لیے کم ازکم چودہ دن ہوتے ہیں۔ جب دو مہینے کے اندر بھی معلومات اکٹھی نہیں کی گئیں تو معلوم ہوتا ہے کہ دیدہ دانستہ ایسا کیا جا رہا ہے۔

جناب چیئرمین : سوال جو آپ کا تھا یہ ۱۹ نومبر کو منسٹری کو بھیجا گیا تھا ۱۹ نومبر ۱۹۸۷ء کو، اس کے ایڈمٹ کرنے میں کچھ ہماری غلطی ہے کچھ آپ کی غلطی ہے۔ وہ یہ ہے کہ

The action taken since 1947 to remove non Muslims from the sensitive posts.

سن ۴۷ سے لے کہ یہ جو آپ فرماتے ہیں کہ sensitive posts پر جو لوگ ہیں ان کے خلاف، یعنی پورے چالیس سال کا ریکارڈ کسی کو دیکھنا پڑے گا تحقیق کرنی پڑے گی تب ممکن ہو سکے گا کہ آپ کو جواب دیا جا سکے۔ تو یہ پیریڈ یا تو مجھے ریڈیوس کرنا چاہیئے تھا یا آپ خود ہی یہ سوچتے کہ اس پر کتنا وقت لگے گا۔ دو مہینے میں اس کا جواب ناممکن ہے اگر ریکارڈ بھی مہیا ہو۔ بہر حال۔

قاضی عبداللطیف : کیا ہم یہ توقع رکھیں کہ آئندہ اجلاس میں وہ جواب دے دیں گے۔

جناب چیئرمین : ہم بھی ان سے عرض کرتے ہیں کہ جہاں تک ممکن ہو سکے تو جواب دے دیں۔ اگر پورے چالیس سال کا ریکارڈ ان کے پاس نہیں ہے تو جتنا ریکارڈ موجود ہے وہ بتا دیں۔

Next question No. 33. Mr. Mohsin Siddiqui.

IMPLEMENYATION OF SPECIAL DEVELOPMENT SCHEMES

33. ***Mr. Muhammad Mohsin Siddiqui** : Will the Minister for Local Government and Rual Development be pleased to state :

(a) whether the government will consider a proposal to set up a special agency, at the Federal level, to implement the special development schemes identified by MNA's and Senators : and.

(b) whether the government has adopted some system of accountability to ensure timely implementation of special development schemes ?

Mr. Iqbal Ahmad Khan : (a) No.

(b) Scheme under the Special Development Programme are implemented through the concerned Line Departments of the Provincial Government, Local Government and Rural Development Departments and Local Councils. The Planning and Development Departments of the Provincial Governments periodically review the pace of implementation and release of funds and keep the Federal Government in the Ministry of Local Government and Rural Development and the Planning Commission informed.

Mr. Muhammad Mohsin Siddiqui : Would the honourable Minister kindly inform the House as to what extent the development schemes of 1985-86 and 1986-87 have been implemented I mean the percentage-wise?

Mr. Iqbal Ahmad Khan : I am afraid, this information is not available with me at the moment.

Mr. Muhammad Mohsin Siddiqui : Is the honourable Minister aware that in case of a very senior Senator and a brother Member like Mr. Hasan A. Shaikh, his project for a hospital at a very needy locality **is awaiting implementation** because of the vagaries at the provincial level for the last two years?

Mr. Chairman : Why don't you or Mr. Hasan A. Shaikh ask a specific question to that effect. I think, the answer would be available in that case.

Mr. Muhammad Mohsin Siddiqui : No, because he says that they are being implemented very nicely and probably the Minister knows this fact. Because this fact has been brought to the notice of the Prime Minister even.

Mr. Chairman : When you ask for information in just broad terms, the pace of implementation of the development programme, now suggested by whom, suggested by the Senate, by the Assembly, by which Member, in what province? He cannot answer a question like this.

Mr. Mohammad Mohsin Siddiqui : My questin was – whether the Government will consider a proposal to set up an agency at the federal level to implement the special development schemes identified by MNAs and Senators and this question was not just an academic question. This was intended to register a feeling that these schemes are not being implemented under the procedure that has been adopted. But the learned Minister has said 'no' without any explanation, without any reason . . . *(Interruptions)*. .

Mr. Chairman : An explanation has been given in Part (b) of the reply but I think, the Minister can elaborate it further, if you desire.

Mr. Mohammad Mohsin Siddiqui : That is only a procedural information.

Mr. Iqbal Ahmad Khan : Sir, I can provide any specific information which the honourable Member wants to have. If he gives me a fresh notice, I can provide him the specific information with regard to a particular case or the schemes of an honourable Member. The information will be provided.

Mr. Chairman : Right.

Mr. Mohammad Mohsin Siddiqui : Second supplementary, Sir. Whether the honourable Minister would consider the desirability of setting up of such an agency as there are numerous complaints that these development schemes which are very useful for the locality, and the area and the region they are being delayed for no rhyme or reason at the provincial level?

Mr. Iqbal Ahmad Khan : Sir, this is already given in reply in part (a) of the queston.

Mr. Chairman : What he is suggesting is that you might consider it further.

جناب اقبال احمد خان ۔ اگر یہ کوئی معقول تجویز دیں گے تو انشاءاللہ اس پر غور کریں گے ۔

جناب چیئرمین : شکریہ! جناب شیریں دل خاں صاحب۔

میجر جنرل (ریٹائرڈ) شیریں دل خان نیازی : آڈٹ کون سی ایجنسی کرتی ہے فیڈرل گورنمنٹ کرے گی یا صوبائی حکومت ؟

Mr. Chairman : Audit of the funds or audit of the projects.

Maj. Gen. (Retd.) Shirin Dil Khan Niazi : Funds and projects together, Sir.

جناب اقبال احمد خان : سارے گورنمنٹ فنڈز ہمیشہ آڈٹ ہوتے ہیں جناب۔

میجر جنرل (ریٹائرڈ) شیریں دل خان نیازی : کون کرے گا ؟

Mr. Chairman : I think, there is only a common audit for the provinces as well as for the Federal Government. There is no separate audit. The Auditor General is one.

قاضی عبداللطیف : میں جناب محترم وزیر صاحب سے یہ گزارش کروں گا کہ کیا یہ صحیح ہے کہ بجلی کی توسیع اور بجلی کی ترقیاتی سکیمیں، جو دی گئی ہیں وہ ایم این ایز کے لیئے ۵۵ فیصد اور ایم پی ایز کے لیے ۴۴ فیصد ہیں اور سینیٹرز کا اس میں کوئی حصہ نہیں ہے کیا وہ بھی ترقیاتی سکیموں میں آتے ہیں، یا نہیں ؟

جناب اقبال احمد خان : جناب والا! یہ انفارمیشن تو میرے پاس نہیں ہے لیکن اگر ان کا فرمان یہ ہو کہ . یہ پرائم منسٹرز سپیشل ڈویلپمنٹ پروگرام میں سے ہو تو میں عرض کروں گا کہ بجلی کی سکیمیں ابھی نہ ایم این ایز کے لیے اور نہ سینیٹرز کے لیے اس سپیشل پروگرام میں شامل ہیں۔

جناب چیئرمین : سپیشل پروگرام یا ہیلتھ کے لیے تھا یا ایجوکیشن کے لیے تھا جہاں

[Mr. Chairman]

تک مجھے یاد پڑتا ہے اور جو لیٹرز ممبران صاحب کو سرکولیٹ کیے گئے تھے اس میں بجلی کا تو ذکر ہی نہیں نکلا۔

جناب اقبال احمد خان : جی نہیں۔

قاضی عبداللطیف : کیا یہ قومی اسمبلی والوں کو لیٹرز دیئے گئے ہیں کہ ۵۵ فی صد دیہات کے لیے وہ مہیا کریں گے اور ۴۴ فیصد ایم پی ایز۔

جناب اقبال احمد خان : جناب یہ درست نہیں ہے۔

جناب چیئرمین : درست نہیں ہے۔ یہ تو تین سے زیادہ ضمنی سوال ہو گئے ہیں چلیں آپ بھی پوچھ لیں۔

جناب عبدالرحیم میرداد خیل : جناب والا! کیا پاکستان مسلم لیگ کے سیکرٹری جنرل از راہ کرم یہ بیان فرمائیں گے کہ سینٹ کے حزب اختلاف سے تعلق رکھنے والے . . . .

جناب چیئرمین : بحیثیت منسٹر ان سے آپ پوچھ سکتے ہیں۔

جناب عبدالرحیم میرداد خیل : تو مسلم لیگ کے سیکرٹری جنرل کے عہدے سے انہوں نے استعفیٰ دے دیا ہے؟

جناب چیئرمین : آپ ان کو یہاں صرف بحیثیت منسٹر ریفر کر سکتے ہیں بحیثیت سیکرٹری جنرل ریفر نہیں کر سکتے۔

جناب عبدالرحیم میرداد خیل : کیا وزیر بلدیات از راہِ کرم یہ بیان فرمائیں گے کہ سینٹ میں حزب اختلاف سے تعلق رکھنے والے رکن کے فنڈز جو منجمد کیے گئے ہیں اس کی وجوہات بتا سکیں گے؟

جناب اقبال احمد خان : ابھی تک تو جناب کسی کے فنڈز منجمد نہیں کیے گئے۔

جناب عبدالرحیم میرداد خیل : جناب والا! آپ کو اچھی طرح معلوم ہے کہ آپ کے دفتر کے ہم نے بہت ہی طواف کیے اور آپ نے مجھے ایسے ہی ٹرخا دیا کہ آج آؤ اور کل آؤ اور یہ کروں گا اور وہ کروں گا۔ آپ کو کیسے نہیں معلوم، آپ

نے پورے ہاؤس میں غلط بیانی سے کام لیا ہے اور آپ کے پاس قاضی حسین احمد صاحب بھی باقاعدہ گئے اور آپ سے بات کی اور آپ کہہ رہے ہیں میرے علم میں نہیں ہے تو ایسی حالت میں تو قرآن حکیم فرماتا ہے خیر وہ آیات اور ترجمہ جو ہے وہ آپ خود ہی اچھی طرح سمجھ سکتے ہیں۔

جناب اقبال احمد خان : جناب والا ! معزز سینیٹر نے درست نہیں فرمایا کہ وہ کبھی میرے دفتر کے طواف کرتے رہے ہیں۔ ایک دفعہ انہوں نے ارشاد فرمایا کہ میری سکیموں پر عمل نہیں ہو رہا۔ میں نے انہیں گزارش کی کہ آپ کی اسکیمیں منظور کر کے صوبائی حکومت کے پاس بھیج دی گئی ہیں وہاں پر رابطہ کریں ، اگرچہ میرے فرائض میں شامل نہیں تھا لیکن میں نے کوئٹہ کے دورے کے دوران پھر چیف منسٹر صاحب سے بات کی اور انہوں نے ارشاد فرمایا کہ میرے پاس انہیں بھیجیں اگر کوئی پرابلم ہوا تو حل کریں گے۔ تو میں نے ان کی خدمت میں گزارش کی کہ آپ ان سے رابطہ قائم کر لیجیئے گا اور اس کے بعد اس لمحے تک انہوں نے مجھے کوئی شکایت نہیں کی۔

جناب چیئرمین : کہیں یہ وجہ تو نہیں ہے کہ کوئٹہ میں درجہ حرارت نقطہ انجماد سے گر گیا ہے جس سے یہ فنڈز بھی منجمد ہو گئے ہیں۔

جناب عبدالرحیم میرداد خیل : آپ اتنی تشریح نہ کریں ان کے لیے اتنی تشریحات کریں گے تو ان کے لیے ایک دلیل بن جائے گی۔

جناب چیئرمین : اگلا سوال نمبر ۳۴

SETTING UP PRIVATE AIRLINE COMPANY

34. ***Mr. Muhammad Mohsin Siddiqui** : Will the Minister Incharge of the Aviation Division be pleased to state :

(a) whether there is any proposal under consideration of the government to set up an airline company in the private sector.

(b) the steps taken by the Government to improve the services of PIA ; and

[Mr. Mohammad Mohsin Siddiqui]

(c) the further programme if any, to expand the services of PIA inland and abroad ?

Rana Naeem Mahmud Khan : (a) No.

(b) Some of the measures taken to improve the services of PIA include induction of qualified manpower, automation of serveral aspects of service, procurement of sophisticated equipment expansion and modernisation of facilities.

(c) A well planned expansion programme is under implementation for building up an effective feeder service on the inland routes. In October, 1987 two new destinations—Sindhri and Khuzdar were added on PIA's network with increased operation on Sukkur route.

With effect from 4th January, 1987 PIA has started its operation on China—Japan route with B-747 instead of B-707 aircraft. Moreover PIA is actively considering extension of its flights to Canada and introduction of 6th service to New York apart from evaluating possibility of extension of its services to East and West Africa in the future.

Mr. Mohammad Mohsin Siddiqui : Would the Minister kindly inform the House whether PIA is capable to meet all the domestic requirements and the international routes.

Rana Naeem Mahmud Khan : Thank you, Mr. Chairman. I think, in my opinion, the PIA is serving the national needs well, Sir.

Mr. Mohammad Mohsin Siddiqui : What about the international needs?

Rana Naeem Mahmud Khan : Both internally and externally.

Mr. Chairman : Mr. Mohsin Siddiqui.

Mr. Mohammad Mohsin Siddiqui : Thank you, Mr. Chairman. This is not the specific answer, whether he has based it on his whim and his conjecture or some concrete, definite and documentary information?

Rana Naeem Mahmud Khan : Thank you, Sir. I have offered my own opinion, Sir. However, this matter was taken up by the Government at the highest possible level, which is, at the cabinet level, to review the possibilities of allowing or not allowing another airline domestically, and at that point, it was considered that the service available at the moment, at that point of time, was sufficient to cover the needs of the people of Pakistan.

Mr. Chairman : At any rate, answer to a question like this would inevitably involve some value judgement. Mr. Javed Jabbar.

Mr. Javed Jabbar: Sir, my supplementary was, as to the reasons why the Government has arrived at this conclusion that there is no need for a second airline but that is very unsatisfactorily answered by the Minister I do not think, that it is a comprehensive answer.

Mr. Chairman : To extract the comprehensive reply, I think, you either put a fresh question or ask more supplementaries.

Mr. Javed Jabbar : Sir, my colleague did ask a supplementary which I think, deserved greater amplification. You may not miss such a question by saying "we consider it is not feasible". It is not enough.

Mr. Chairman : I think, it has been adequately answered that in the context of consideration of a scheme for opening of an airline; they did come to the conclusion that it was not needed.

Mr. Mohammad Mohsin Siddiqui : Will the honourable Minister inform the House whether this monopolistic control by PIA has resulted in deterioration of their services and a lot of complaints from the passengers and the public.

Rana Naeem Mahmud Khan : Thank you, Mr. Chairman. Sir, in one of my submissions before the National Assembly, I had quoted some figures which indicated that in fact, the service of PIA had improved in every sector. I had also submitted at that time the figures which I do not have at the moment that the complaints received during the current year i.e., the year that has gone by, had in fact come down. I do not say that I am fully satisfied with the performance of PIA. There is definitely room for its improvement and every effort is made to satisfy the needs of our customers and passengers that travel in PIA. If there are any particular improvements that the honourable Members have to suggest, we would always welcome them. Thank you, Sir.

Mr. Mohammad Mohsin Siddiqui : Would the honourable Minister consider the desirability of appointing a committee of the House to investigate all the inefficiencies, corruptions and mismanagement in PIA and to suggest that measures should be taken to improve them and to give better passenger services both inland and international.

Rana Naeem Mahmud Khan : Thank you Mr. Chairman. The Committee on Defence of this House is fully empowered to take up this matter whenever they are pleased and I would be only grateful to them if they can spare time to visit PIA and let us have their opinion. Thank you, Sir.

قاضی عبداللطیف : میں گزارش کروں گا کہ ڈیرہ اسماعیل خان کے لیے سات دنوں کی پروازیں تھیں ۔ جب کہ وہ پانچ دن کر دی گئی ہیں ۔ ہمارے حصے میں تو

ہر کسے روز بہی می طلب زیاں یاں
مشکل ایں است کہ ہر روز بتر می بینم

ہمارے لیے تو یہ معاملہ ہو رہا ہے ۔

جناب چیئرمین : میرے خیال میں پی آئی اے بھی یہی کہتا ہے کہ مشکل ایں است کہ ہر روز بتر می بینم ، اس لیے سروسز کو کم کر دو کیونکہ نقصان ہو رہا ہے ۔

